# خیبر پختونخوا (شادیوں اور دیگر تقریبات میں فائرنگ اور دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی ممانعت) کا قانون، مجریہ 1988ء

خیبر پختونخوا مجریہ 1988ء کا قانون نمبر .IV

## فہرست مضامین.


افتتاحیہ.

1. مختصر عنوان، وسعت اور آغاز.

2. تعاریف.

3. فائرنگ اور دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی ممانعت.

4. جرائم کی سزا.

5. قابل دست اندازی جرائم.

6. دفعات کی نرمی.

8. قواعد بنانے کا اختیار.

# خیبر پختونخوا (شادیوں اور دیگر تقریبات میں فائرنگ اور دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی ممانعت ) کا قانون، مجریہ 1988ء.

## خیبر پختونخوا مجریہ 1988ء کا قانون نمبر. IV

## ایک قانون.

شادیوں اور دیگر تقریبات میں فائرنگ اور دیگر دھماکہ خیز مواد کے استعمال کو ممنوع کرنے کی غرض سے.

افتتاحیہ.

ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ زندگی یا جائیداد کو خطرے میں ڈالنے سے بچنے کے لیے شادیوں اور دیگر تقریبات میں فائرنگ اور دیگر دھماکہ خیز مواد کے استعمال کو روکا جائے.

یہ درج ذیل طریقے سے نافذ کیا جاتا ہے.

**1.** **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز:** (1) اس قانون کو خیبر پختونخوا شادیوں اور دیگر تقریبات میں فائرنگ اور دیگر دھماکہ خیز مواد کے استعمال کو ممنوع کرنے کے قانون مجریہ 1988ء کے نام سے موسوم کیا جائے.

(2) اس قانون کا اطلاق تمام خیبر پختونخوا پر ہوگا.

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا.

**2.** **تعاریف:** قانون ہذا میں تا وقتیکہ عنوان یا متن میں کوئی امر منافی نہ ہو.

(الف) ''دھماکہ خیز مواد'' سے مراد کوئی بھی مواد جو آگ بڑھکنے یا دھماکے کا باعث بنے.

(ب) ''آگ لگنے'' سے کسی بھی قسم آتشیں ہتھیار یا زخمی کرنے/مارنے میں استعمال ہونے والے دھماکہ خیز مواد مراد ہے.

**3. فائرنگ اور دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی ممانعت:**

شادیوں اور دیگر ایسی تقریبات کے مواقع بشمول سیاسی اجتماعات / پروگرامات یا عوامی مقامات پر ہوائی فائرنگ ممنوع ہے۔

**4. جرائم کی سزا:** جو کوئی بھی اس قانون کی کسی بھی دفعہ کی خلاف ورزی کریگا اسے سزا کی مدت میں جو ایک سال تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ یا جرمانے کے ساتھ جو دس ہزار روپے تک بڑھایا جا سکتا ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

5. ایک پولیس آفیسر جو کہ، سب انسپکٹر کے رینک کا ہو کسی بھی مجرم کو بغیر حکم نامے (وارنٹ) کے گرفتار کر سکتا ہے۔

6. اس قانون کے تحت مرتکب سزائیں قابل ضمانت ہونگی۔

7. **دفعات میں نرمی:** صوبائی حکومت سرکاری جریدہ میں ایک اعلامیہ کے ذریعے سرکاری تقریبات کے مواقع پر ان دفعات میں نرمی کر سکتی ہے۔

8. **قواعد بنانے کا اختیار:** حکومت اس قانون کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے قواعد بنا سکتی ہے۔